# 21-08-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ ریجنل رنگ روڈ کیلئے زمین حاصل کرنے کے عمل میں تیزی لائی جائے۔

☆بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے کہا ہے کہ حکومت کے خلاف مقابلہ کیلئے پارٹی کے تمام لیڈرس کسانوں کے ساتھ شامل ہوں گے۔

☆ڈی جی پی جتیندر نے تربیت حاصل کرنے والے سب انسپکٹرس سے کہا ہے کہ شہریوں کے تعلق سے اچھا رویہ اختیار کیا جائے۔

☆ملک بھر میں پرسوں پہلا یوم قومی خلا منایا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں شدید بارش کا امکان ہے۔ان اضلاع میں کومارم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، راجنا سرسلہ، کریم نگر، پدا پلی، وقار آباد، سنگا ریڈی، میدک، کاماریڈی، محبوب نگر، ناگر کرنول اور ونپرتی شامل ہیں۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ یہی صورتحال آئندہ اڑتالیس گھنٹوں کے دوران دیگر اضلاع میں بھی ہوسکتی ہے۔ ریاست بھر میں جنوب مغرب مانسون معمول کے مطابق رہا ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران حیدرآباد، میدک، رنگا ریڈی اور یداردی بھونگیر اضلاع میں کہیں کہیں شدید بارش درج کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق اسی مدت کے دوران ریاست کے چند ایک مقامات پر بھی بارش ہوئی۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے آج اس بات کا اعلان کیا ہے کہ پارٹی کے تمام لیڈرس، حکومت کے خلاف مقابلہ کیلئے کسان طبقہ کے ساتھ شامل ہوں گے تاکہ کسانوں کو ان کا حق مل سکے۔ پارٹی کے مختلف لیڈرس کے ساتھ آج تلنگانہ بھون میں ایک نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے راما راؤ نے کہا کہ بی آر ایس کی جانب سے ریاست بھر میں مختلف منڈلوں میں احتجاجی پروگرام منعقد کیے جائیں گے تاکہ تمام کسانوں کے دو لاکھ روپئے تک کہ قرضہ جات کو غیر مشروط طور پر معاف کیا جاسکے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ اگر حکومت اس مطالبہ پر مثبت ردعمل ظاہر کرنے میں ناکام رہتی ہے تب بی آر ایس اگلے مرحلہ میں جیل بھرو پروگرام کا اعلان کرنے سے نہیں ہچکچائے گی۔اسی دوران ضلع محبوب نگر کے اوتکر منڈل میں آج ایس بی آئی نارائن پیٹ شاخ کے پاس اس وقت کشیدگی پھیل گئی جب کسانوں کی بڑی تعداد جمع ہوئی اور حکومت سے منڈل کے تمام کسانوں کے قرضہ جات معاف کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔احتجاجی کسانوں نے الزام عائد کیا کہ کسانوں کی ایک بڑی تعداد کے قرض معاف نہیں کئے گئے جبکہ وہ اس کے اہل ہیں۔ بینک کے عہدیداروں کو کسانوں کو بینک میں داخل ہونے سے روکنے کیلئے باب الداخلہ کو مقفل کرنے پر مجبور ہونا پڑا۔ بینک کے عہدیداروں نے کسانوں کو یہ سمجھانے کی کوشش کی کہ استفادہ کنندگان کی فہرست میں شامل کئے گئے کسانوں کے اکاؤنٹ میں رقم جمع کرادی گئی ہے تاہم کسانوں نے وہاں سے ہٹنے سے انکار کردیا اور اپنا احتجاج جاری رکھا۔

☆☆☆☆☆

ملک بھر میں پرسوں پہلا قومی یوم خلاء 2024 منایا جائے گا۔اس سال کے لئے موضوع ''چاند کو چھوتے ہوئے زندگیوں کو چھونا: ہندوستان کے خلاء کی کہانی'' دیا گیا ہے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اصل پروگرام کا افتتاح کریں گی جو نئی دہلی کے بھارت منڈپم میں منعقد ہوگا۔نئی دہلی میں اس سلسلہ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مملکتی وزیر برائے خلاء ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ گزشتہ سال اسی دن چندرائن 3 مشن نے چاند پر کامیابی کے ساتھ قدم رکھا تھا۔انہوں نے کہا کہ اس طرح ہندوستان چاند پر پہنچنے والا چوتھا ملک اور چاند کے جنوبی حصہ میں قدم رکھنے والا پہلا ملک بنا۔سنگھ نے کہا کہ آئندہ دس سال کے دوران خلائی معیشت میں پانچ گنا اضافہ کیا جائے گا اور اس سلسلہ میں تقریباً چوالیس بلین ڈالر رقم خرچ کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

مرکزی حکومت نے تلنگانہ میں ٹی فائبر کو 1779 کروڑ روپئے پر مشتمل طویل مدتی بلاسودی قرض کی مدت میں توسیع کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ مرکزی حکومت نے ٹی فائبر اوراس سے متعلق دیگر معاملات پر آئی ٹی وزیر سریدھر بابو کی چار اہم درخواستوں پر مثبت ردعمل ظاہر کیا ہے۔ مملکتی وزیر برائے دیہی ترقیات ڈاکٹر چندر شیکھر نے اس سلسلہ میں سریدھر بابو کے خط پر مثبت ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ یہ خط، مینجنگ ڈائرکٹر وینو پرساد کی قیادت میں ٹی فائبر کے ایک وفد نے حکومت کے حوالے کیا تھا۔ وزیر کے مطابق ریاستی حکومت نے بھارت نیٹ کے دوسرے مرحلہ کے پراجکٹ کو نافذ کرنے کیلئے ریاستی ماڈل پر عمل کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی چیف سکریٹری شانتی کماری نے کہا ہے کہ پلاسٹر آف پیرس اور کیمیکل سے تیار کردہ گنیش کی مورتیوں سے ماحولیات کو شدید خطرہ لاحق ہے۔ انہوں نے ہر کسی پرزور دیا کہ مٹی سے بنی مورتیوں کے استعمال کے ذریعہ ماحولیاتی تحفظ کیلئے اپنی ذمہ داری ادا کریں۔ سکریٹریٹ میں آج تلنگانہ پولیشن کنٹرول بورڈ کی جانب سے منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے شانتی کماری نے ماحولیات کے تحفظ کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے بتایا کہ پولیشن کنٹرول بورڈ کی جانب سے ریاست بھر میں بڑے پیمانے پر شعور بیداری پروگرام منعقد کیے جائیں گے تاکہ ماحولیات کے تحفظ کے پیام کو پھیلایا جاسکے۔ بعدازاں چیف سکریٹری نے کلے سے تیار کی جانے والی گنیش مورتیوں کے استعمال کو فروغ دینے سے متعلق پوسٹرس جاری کئے۔

☆☆☆☆☆

سی پی آئی ماؤنواز کے کارکنوں نے آندھرا۔اڈیشہ سرحدی علاقہ میں ایک خاتون کیڈر کو پولیس مخبر سمجھتے ہوئے ہلاک کردیا۔ آندھرا۔اڈیشہ باڈر اسپیشل زونل کمیٹی کے سکریٹری گنیش نے آج میڈیا کیلئے جاری کردہ ایک بیان میں نیلسو عرف بنٹی رادھا کا تعلق حیدرآباد کے ای سی آئی ایل میں بالاجی نگر علاقہ سے تھا۔ ماؤنوازوں نے رادھا کو جال بچھاتے ہوئے پکڑ کر ہلاک کیا۔ رادھا نے 2018 میں رضا کارانہ طور پر ماؤنوازوں میں شمولیت اختیار کی تھی جبکہ پچھلے چھ سال سے وہ پروٹیکشن ٹیم کمانڈر کی حیثیت سے کام کررہی تھی۔ گنیش نے بتایا کہ رادھا کو ڈسپلن شکنی کے سبب اس عہدہ سے ہٹادیا گیا تھا۔

☆☆☆☆☆

بھارت راشٹراسمیتی پارٹی نے الزام عائد کیا ہے کہ حیدرآباد ڈیزاسٹرس ریسپانس اینڈ ایسٹ پروٹیکشن ایجنسی (حیڈرا) کی جانب سے چند مخصوص قابضین کو ہی نشانہ بنایا جارہا ہے۔ لہٰذا پارٹی نے ایجنسی سے مطالبہ کیا ہے کہ غیر مجاز قبضہ کرنے والے کانگریس لیڈرس کے خلاف بھی کاروائی کی جائے۔ بی آر ایس کے ترجمان کرشانے ایک بیان میں ان جائیدادوں کی فہرست جاری کی جن پر کانگریس کے لیڈرس قابض ہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ ایسے کانگریس لیڈرس کے خلاف کاروائی کیوں نہیں کی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بعض کانگریس لیڈرس کے فارم ہاؤزز، رہائش گاہیں، ریزاسٹس بشمول دوسابق وزراء، ایک ایم ایل اے اور ایک سابق ایم پی نے ندی میں واقع بفرزون میں تعمیرات کرلی تاہم ان کے خلاف ایجنسی نے کسی بھی طرح کی کاروائی نہیں کی۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ ریجنل رنگ روڈ (آر آر آر) کے لئے زمین حاصل کرنے کے عمل میں تیزی لائی جائے۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ زمینات حاصل کرنے کے عمل کے تعلق سے انہیں باخبر رکھا جائے۔ سکریٹریٹ میں آج منعقدہ ایک جائزہ اجلاس کے دوران ریونت ریڈی نے کلکٹرس کو ہدایت دی کہ آر آر آر کی پیشرفت کے تعلق سے چیف سکریٹری کو بھی واقف کراتے رہیں۔ سی ایم نے مزید کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ اس عمل میں شفافیت کو برقرار رکھا جائے جبکہ انہوں نے سدرن سیکشن میں چند تبدیلیاں لانے کی بھی تجویز رکھی جیسا کہ اس سیکشن کے تحت سنگاریڈی۔ آمنگل۔ شادنگر۔ چوٹ اوپل پر 189.2 کیلومیٹر کا احاطہ کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اس بات کی بھی ہدایت دی کہ فیوچر سٹی کے لئے بھی سڑکوں کی تعمیر کیلئے تجاویز تیار کی جائیں۔

☆☆☆☆☆

ڈائرکٹر جنرل آف پولیس جتیندر نے آج ٹرینی سب انسپکٹرس سے کہا ہے کہ شہریوں کے ساتھ اچھا رویہ اختیار کریں۔ نیز متاثرین اور شکایت کنندوں کے ساتھ دھیمے اور احترام سے بات کرتے ہوئے ہمدردانہ طریقہ سے پیش آئیں۔ جتیندر، 547 زیر تربیت سب انسپکٹرس سے بات چیت کررہے تھے جو اس وقت تلنگانہ پولیس اکیڈیمی میں تربیت حاصل کررہے ہیں۔ ڈی جی پی نے اپنی تقریر میں پولیس خدمات کیلئے ایک جذبہ کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے یہ بات یاد دلائی کہ جوش وجذبہ اور پولیس کے پیشہ میں ہر طرح کی صورتحال کا سامنا کرنا کامیابی کا ایک راستہ ہے۔ اکیڈیمی کے ڈائرکٹر ابھیلا شابشت نے مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔

☆☆☆☆☆